# ڈیجیٹل معیشت | کرپٹو کرنسی کے حوالے سے آگاہی

صرف **14%** پاکستانیوں نے کرپٹو کرنسی کے بارے میں سنا ہوا ہے؛ شہری علاقوں **22%** اور ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد **44%** میں اس حوالےسے زیادہ آگاہی پائی گئی۔

کیا آپ نے کبھی کرپٹو کرنسی کے بارے میں سنا ہے؟




معلوم نہیں جواب نہیں دیا 3 فیصد

Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## ٹیکنالوجی کے حوالے سے آگاہی

### ڈیجیٹل معیشت

کرپٹو کرنسی کے حوالے سے آگاہی

## صرف14% پاکستانیوں نے کرپٹو کرنسی کے بارے میں سنا ہوا ہے؛ شہری علاقوں (22%) اور ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد (44%) میں اس حوالے سے زیادہ آگاہی پائی گئی۔

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)
(اسلام آباد)، 07 مئی 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، صرف 14% پاکستانیوں نے کرپٹو کرنسی کے بارے میں سنا ہوا ہے، جبکہ ایک بڑی اکثریت (83%) کا کہنا تھا کہ وہ اس حوالے سے کوئی آگاہی نہیں رکھتے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کیا آپ نے کبھی کرپٹو کرنسی کے بارے میں سنا ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 14% جوابدہندگان کے مطابق اُنہوں نے کرپٹو کرنسی کے بارے میں سنا ہے، جبکہ 83% جوابدہندگان کے مطابق اُنہوں نے کرپٹو کرنسی کے بارے میں نہیں سنا ہے۔دیگر3% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا یعنی معلوم نہیں یا کوئی جواب نہیں دیا۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ دنیا بھر میں کرپٹو کرنسی پر بڑھتی ہوئی توجہ کے باوجود پاکستان میں اس کے بارے میں آگاہی ابھی بھی محدود ہے، اور ہر 7 میں 1 سے بھی کم فرد اس حوالے سے آگاہی رکھتے ہیں۔

**"کیا آپ نے کبھی کرپٹو کرنسی کے بارے میں سنا ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 780 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** شہری علاقوں کے افراد میں کرپٹو کرنسی کے حوالے سے آگاہی دیہی علاقوں کے افراد (10%) کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہے (22%)، تاہم دونوں علاقوں میں مجموعی آگاہی اب بھی کم ہے۔ شہری اور دیہی دونوں علاقوں کی بڑی اکثریت نے بتایا کہ انہوں نے کرپٹو کرنسی کے بارے میں نہیں سنا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** تعلیم کے اعتبار سے نتائج میں واضح فرق دیکھنے میں آتے ہیں۔ ایف اے اور اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد کی 44% شرح نے بتایا کہ انہوں نے کرپٹو کرنسی کے بارے میں سنا ہے، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح صرف 9% رہی۔

یہ واضح فرق اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ نئی مالی ٹیکنالوجیز کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے میں تعلیم اہم کردار ادا کرتی ہے۔ زیادہ تعلیم یافتہ افراد میں کرپٹو کرنسی کے بارے میں جاننے کا امکان زیادہ ہوتا ہے، کیونکہ انہیں ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، مالی معلومات اور عالمی معاشی رجحانات تک زیادہ رسائی حاصل ہوتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

مجموعی طور پر یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان میں کرپٹو کرنسی کے بارے میں آگاہی ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے، اور اس سے متعلق معلومات زیادہ تر شہری اور نسبتاً زیادہ تعلیم یافتہ افراد تک محدود ہیں۔ عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی اہمیت کے باوجود، ملک کی وسیع آبادی میں اس کے بارے میں آگاہی اب بھی کم ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 07 May 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)